ایمانیات، عبادات، سیرت، اذکار، دُعاؤں، سُنّتوں اور آداب پر مشتمل

اسلامیات

برائے نرسری

پبلشر

دارالمدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پریس

چوتھی اشاعت ۲۰۲۰

ISBN: 978-969-631-470-7

تیاری و پیش کش

شعبۂ اسلامیات

دارالمدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پریس

ای میل: curriculum@darulmadinah.net

تصدیق کی جاتی ہے کہ کتاب '' اسلامیات '' نرسری کلاس کے لیے مطبوعہ دارالمدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پریس پر شعبۂ تفتیش و شریعہ (دارالمدینہ) کی جانب سے نظر ثانی کی گئی ہے۔ اس کتاب کو عقائد، کفریہ عبارات، اخلاقیات اور فقہی مسائل وغیرہ کے حوالے سے مقدور بھر ملاحظہ کر لیا گیا ہے، البتہ کمپوزنگ یا کتابت کی غلطیوں کا ذمہ شعبۂ تفتیش و شریعہ پر نہیں۔

شعبۂ تفتیش و شریعہ (دارالمدینہ)

تاریخ: ۱۶ فروری ۲۰۱۵

مزید معلومات اور آن لائن کتب کی خریداری کے لیے ہماری ویب سائٹ وزٹ کیجیے۔

www.dmiup.com

اسلامیات
برائے نرسری
نام
ولدیت
کلاس
جی۔آر نمبر
اسکول کا نام

پیش لفظ

دینِ اسلام نے امتِ مسلمہ کے ہر فرد پر چاہے وہ مرد ہو یا عورت تحصیلِ علمِ دین کو فرض قرار دیا ہے لہٰذا ہر مسلمان کے لیے عبادات و اخلاقیات اور اپنی ضرورت کے مسائل سے آگاہ ہونا اور ان پر عمل کرنا بے حد ضروری ہے۔ ایک اچھے مسلمان کو چاہیے کہ وہ اپنی زندگی کو اسلامی اصولوں کے مطابق سنوار کر اپنی ذمہ داریوں کو اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا کے لیے احسن طریقے سے سر انجام دینے کی کوشش کرے۔ اچھائی کے فروغ اور بُرائی کے سدِ باب کے لیے اپنا دینی و اخلاقی فریضہ ادا کرے۔

طلباء مستقبل کے معمار ہوتے ہیں جو ملک و قوم کی ترقی و خوشحالی میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔ انھیں باعمل مسلمان بنانے کے لئے ان کی زندگی میں اسلامی تعلیمات کا نفاذ بے حد ضروری ہے۔ اسلامیات کی یہ سیریز پری نرسری سے کے جی تک کے تین حصّوں پر مشتمل ہے۔ جس کا مقصد طلبہ میں دینی شعور اجاگر کرنا ہے۔ ان کتب میں طلبہ کی ذہنی استعداد کے مطابق ایمانیات، عبادات، نماز کے اذکار ، دُعائیں، اخلاقیات، سنتیں اور آداب کے ساتھ ساتھ سیرتِ مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو شامل کیا گیا ہے۔ مختصر اور آسان سوال و جواب نیز سبق کے مطابق عملی سرگرمیاں دلچسپی کو بڑھانے اور بُنیادی باتیں پڑھ کر یاد رکھنے میں مددگار ثابت ہوں گی۔ تعلیمی مقاصد کے حصول کے لیے نصابی کتب کو تدریسی ضروریات و اُصولوں کے مطابق معلوم سے نامعلوم اور آسان سے مشکل کے تحت مدون کیا گیا ہے۔

ہم اُمید کرتے ہیں کہ اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ پری پرائمری کے بچّوں کی اسلامی تربیت اور ذہن سازی کے لیے یہ سیریز مفید ثابت ہوگی۔ عُلمائے کرام اور ماہرین تعلیم سے گزارش ہے کہ اپنے مفید مشوروں سے ضرور نوازیں۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ سے دُعا ہے کہ اپنے حبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے طفیل ہماری اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔

اٰمِیْن بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِیْن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

شعبۂ اسلامیات

دارُالمدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پریس

والدین کے لیے چند ہدایات

1. اسلامی معاشرے کا بہترین فرد بنانے نیز بحیثیت والدین اپنی ذمہ داری احسن انداز میں نبھانے کے لیے اولاد کی بہترین تربیت بہت ضروری ہے۔ ابتدا ہی سے اللہ عزوجل اور اس کے حبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی محبت پیدا کرنے کے لیے اپنے گھر کو تلاوت و نعت وغیرہ کی برکتوں سے مالا مال رکھیے۔

2. نماز کا عادی بنانے کی نیت سے بچوں کو شروع سے ہی نماز پڑھنے کا ذہن دیجیے اور سات سال کی عمر سے خصوصی تاکید کے ساتھ باقاعدہ نماز پڑھوایئے۔

3. سرکارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی سنتیں سیکھیے اور اپنی اولاد کو بھی سکھایئے۔

4. والدین، اساتذہ کرام اور بزرگوں کا ادب و احترام سکھانے کی نیت سے بزرگانِ دین رَحِمَھُمُ اللّٰہُ الْمُبِیْن کے واقعات سنایئے۔

5. اسلامی تعلیمات کے مطابق ذہن سازی کے لیے اچھے اخلاق، صبر و شکر، حُسنِ سلوک اور قرآن و سُنّت کے عامل بن کر اپنی اولاد کے سامنے عملی نمونہ پیش کیجیے۔

6. جھوٹ، غیبت، چغلی، لڑائی جھگڑا، گالی گلوچ، بدنگاہی اور دیگر گناہوں سے بچنے کا ذہن دیتے رہیے۔

7. جسمانی نشوونما اور صحت کی درستی کے لیے اپنی حیثیت کے مطابق حلال کمائی سے اچھی اور متوازن غذا بالخصوص دُودھ اور پھل وغیرہ کی ترکیب بنایئے۔

8. اپنے بچے کی تعلیمی کیفیت سے آگاہ رہنے کے لیے روزانہ ہوم ورک ڈائری چیک کیجیے اور وقتاً فوقتاً اساتذۂ کرام اور انتظامیہ کے ساتھ ہونے والی ملاقاتوں (پیرنٹس ٹیچرز/پیرنٹس منیجمنٹ) میں شرکت فرمایئے۔

9. غلطیوں کی اصلاح کے لیے بے جا مار پیٹ کے بجائے محبت نرمی اور حکمت کے ساتھ سمجھایئے۔

10. اپنی اولاد کو ہر وقت اپنی نیک دُعاؤں مثلاً علم و عمل میں برکت اور درازیٔ عمر بالخیر وغیرہ سے نوازتے رہیے۔

فہرست مضامین

ایمانیات

اس سبق کے ذریعے بچّے سیکھ سکیں گے کہ:
۱۔ ہم سب کو اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے پیدا کیا ہے۔
۲۔ حضرت سیدنا محمد صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے آخری نبی ہیں۔

سوال: ہم سب کو کس نے پیدا کیا ہے؟

جواب: اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے۔

سوال: اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے آخری نبی کون ہیں؟

جواب: حضرت سیدنا محمد صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ۔

سوال: قرآن مجید کس کا کلام ہے؟

جواب: اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا۔

رہنمائے معلمات:

۱۔ بچّوں کو سوال، جواب یاد کروا دیجیے۔
۲۔ وقتاً فوقتاً سُنتے رہیے تاکہ اچھی طرح ذہن نشین ہو جائیں اور پوچھنے پر فوراً بتا سکیں کہ ہمیں اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے پیدا کیا ہے اور حضرت سیدنا محمد صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے آخری نبی ہیں۔
۳۔ بچّوں کو ایک دوسرے سے سوال کرنے کی عملی مشق کروایئے۔

ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

اس سبق کے ذریعے بچّے جان سکیں گے کہ:

۱۔ ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کہاں پیدا ہوئے۔
۲۔ ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے دادا جان کا نام کیا ہے۔
۳۔ ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا روضۂ انور کہاں ہے۔

سوال: ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: مکہ مکرمہ میں۔

سوال: ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا روضۂ انور کہاں ہے؟

جواب: مدینہ منورہ میں۔

سوال: ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے دادا جان کا نام کیا ہے؟

جواب: حضرت عبد المطلب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ۔

رہنمائے معلمات:

۱۔ بچّوں کو سوال، جواب یاد کروا دیجیے۔
۲۔ وقتاً فوقتاً سُنتے رہیے تاکہ اچھی طرح ذہن نشین ہو جائیں اور پوچھنے پر فوراً بتا سکیں کہ پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کہاں پیدا ہوئے، آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے دادا جان کا نام کیا ہے اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا روضۂ انور کہاں ہے۔
۳۔ بچّوں کو ایک دوسرے سے سوال کرنے کی عملی مشق کروائیے۔

نماز کے اذکار

اس سبق کے ذریعے بچّے :

۱۔ تعَوُّذ اور تسمیہ یاد کر سکیں گے۔

۲۔ تسبیحات، تسمیع اور تحمید یاد کر سکیں گے۔

تعَوُّذ

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○

تسمیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

رکوع کی تسبیح

سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ ط

تسمیع

سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ ط

تحمید

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ ط

سجدے کی تسبیح

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى ط

رہنمائے معلمات:

۱ - بچّوں کو تعوذ، تسمیہ، تسبیحات، تسمیع اور تحمید اچھی طرح یاد کروا دیجیے۔

۲ - بچّوں سے مذکورہ دُعائیں سنیں نیز عملی طور پر نماز پڑھوایئے تاکہ انھیں نماز کے قیام، رُکوع اور سجود کی کیفیت کا علم ہو جائے۔

کلمے اور دُرود پاک

تدریسی مقاصد

اس سبق کے ذریعے بچّے :

۱۔ پہلے کلمے اور اس کا ترجمہ یاد کر سکیں گے۔

۲۔ دوسرا کلمہ اور مختصر دُرود یاد کر سکیں گے۔

پہلا کلمہ طیب : (طیب معنی پاک)

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ ؕ

ترجمہ : اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں،
محمد صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے رسول ہیں۔

دوسرا کلمہ شہادت : (شہادت معنی گواہی)

اَشۡھَدُ اَنۡ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحۡدَہٗ لَا شَرِیۡكَ لَہٗ وَاَشۡھَدُ اَنَّ
مُحَمَّدًا عَبۡدُہٗ وَرَسُوۡلُہٗ ؕ

دُرود پاک

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡكَ یَا رَسُوۡلَ اللّٰہِ

رہنمائے معلمات :

۱۔ بچّوں کو پہلے کلمے کی دوہرائی کراتے ہوئے ترجمہ یاد کروا دیجیے نیز دوسرا کلمہ اور مذکورہ درود شریف یاد کرا دیجیے۔

۲۔ بچّوں سے مل کر ایک آواز میں کلمے اور دُرود پاک پڑھوایئے تاکہ انھیں اچھی طرح یاد ہو جائیں۔

۳۔ مذکورہ دُعائیں خوبصورت انداز میں لکھ کر اعراب چیک کر کے سافٹ بورڈ پر لگایئے۔

دُعائیں

اس سبق کے ذریعے بچّے مختلف دُعائیں یاد کر سکیں گے۔

علم میں اضافے کی دُعا

رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا ؕ

شکریہ ادا کرنے کی دُعا

جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا ؕ

چھینک کی دُعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ

کھانے سے پہلے کی دعا

بِسۡمِ اللّٰہِ وَعَلٰی بَرَکَۃِ اللّٰہِ

رہنمائے معلمات:

۱۔ بچّوں کو مذکورہ دُعائیں یاد کروا دیجیے۔

۲۔ مختلف اوقات میں علم میں اضافے کی دُعا پڑھوائیے۔ اسی طرح کھانے سے پہلے کی دُعا پڑھا کر کھانا شروع کروائیے تاکہ عمل کرنے کی عادت بنے نیز چھینک آنے پر طلبہ کے سامنے دُعا پڑھیے اور انہیں بھی چھینک آنے پر دُعا پڑھنے کا ذہن دیجیے، طلبہ سے کتاب لیں تو شکریہ ادا کرنے کی دُعا پڑھیے نیز طلبہ کو ایک دوسرے کا شکریہ ادا کرنے کا ذہن دیجیے۔

سنتیں اور آداب

اس سبق کے ذریعے بچّے کھانے کے آداب سیکھ سکیں گے۔

کھانے کے آداب

- کھانے سے پہلے ہاتھ دھو کر کُلّی کرنی چاہیے۔

- کھانا سنت کے مطابق بیٹھ کر کھانا چاہیے۔

- بِسۡمِ اللہ پڑھ کر اور سیدھے ہاتھ سے کھانا چاہیے۔

- کھانا کھانے کے بعد انگلیاں چاٹنی چاہئیں۔
- کھانا کھانے کے بعد ہاتھ دھو کر کُلّی کرنی چاہیے۔

رہنمائے معلمات:

۱۔ بچّوں کو مذکورہ آداب اچھی طرح یاد کروائیے۔
۲۔ کھانے کے وقت کھانے سے پہلے ہاتھ دُھلوائیے اور کُلّی کروائیے۔
۳۔ بچّوں کو کھانا کھانے سے پہلے دُعا پڑھوا کر کھانا شروع کروائیے تاکہ عملی زندگی میں بھی شامل ہو سکے۔

سنتیں اور آداب

اس سبق کے ذریعے بچّے پانی پینے کے آداب سیکھ سکیں گے۔

پینے کے آداب

- پانی بیٹھ کر پینا چاہیے۔
- پانی بِسۡمِ اللّٰہ پڑھ کر پینا چاہیے۔
- پانی سیدھے ہاتھ سے پینا چاہیے۔

رہنمائے معلمات:

۱۔ بچّوں کو پانی پینے کے مذکورہ آداب اچھی طرح یاد کروایئے۔

۲۔ بچّوں کو پانی پینے کے طریقہ کی عملی مشق کروایئے یعنی پانی لے کر بیٹھ جائیں پھر بُلند آواز سے بِسۡمِ اللّٰہ پڑھیں، سیدھے ہاتھ میں پیالہ پکڑ کر پانی پی کر دکھایئے پھر یہی عمل طلبہ سے بھی کروایئے۔

اس سبق کے ذریعے بچّے سلام اور جوابِ سلام کے الفاظ سیکھ سکیں گے۔

سلام کے آداب

- ہمیں ایک دوسرے کو سلام کرنا چاہیے۔
- سلام ان الفاظ کے ساتھ کیجیے:

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ

سلام کا جواب ان الفاظ کے ساتھ دیجیے:

رہنمائے معلمات:

۱۔ بچّوں کو سلام کے مذکورہ آداب اور سلام وجوابِ سلام کے الفاظ اچھی طرح یاد کروائیے۔

۲۔ بچّوں میں عمل کا جذبہ پیدا کرنے کے لیے کلاس میں ایک دوسرے کو سلام وجوابِ سلام کی مشق کروائیے نیز گھر میں بھی آتے جاتے سلام کرنے کا ذہن دیجیے۔

اچھی باتیں

اس سبق کے ذریعے بچّے:

۱- "آپ" اور "جی" کے الفاظ سے گفتگو کرنا سیکھ سکیں گے۔

۲- ماں باپ کی فرمانبرداری سیکھ سکیں گے۔

- جب کسی سے بات کریں تو "آپ" کہہ کر بات کرنی چاہیے۔
- جب کوئی بلائے تو ہمیں "جی" کہنا چاہیے۔

- امی ابو کی بات ماننے سے اللہ عَزَّوَجَلَّ بہت خوش ہوتا ہے۔
- امی ابو کی بات ماننے سے ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم بھی بہت خوش ہوتے ہیں۔
- امی ابو کی بات ماننے سے کامیابی ملتی ہے۔
- ہم سب کو اپنے امی ابو کی بات ماننی چاہیے۔

رہنمائے معلمات:

۱- بچّوں کو "آپ" اور "جی" سے بات کرنا سکھائیے۔

۲- معلمات کلاس میں "آپ" اور "جی" سے بات کرنے کا عملی نمونہ پیش کریں۔

۳- بچّوں کو والدین کا ادب سکھائیے اور انھیں والدین کی بات ماننے کی ترغیب دلائیے۔

۴- والدین کی بات نہ ماننے کا نقصان بتائیے۔